# 25-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ہندوستان میں دیہی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کی اہم اسکیم پردھان منتری گراما سڑک یوجنا پروگرام کے آج 25 سال مکمل۔

۲۔ ملک کے سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی 101 ویں یوم پیدائش کے موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اٹل بہاری واجپائی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

۳۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے ریاست کے گرام پنچایتوں کو ایک کروڑ روپے دینے ریاستی حکومت پر زور دیا۔

اور

۴۔ کرسمس تہوار ریاست میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کرسچن برادری کو کرسمس کی دی مبارکباد۔

Bhadradri Atra City Case

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل نے کہا کہ ضلع میں درج ہونے والے ایس سی ایس ٹی اٹراسٹی مقدمات میں متاثرین کو جلد سے جلد انصاف فراہم کرنا مقصد ہے۔ ضلع ایس پی روہت راجو کے ساتھ انہوں نے وِجِلنس اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا اور پولیس محکمہ میں فی الوقت زیرالتوا 34 کیسوں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

Vajpayee - Kishan Reddy

ملک کے سابق وزیراعظم و بھارت رتن اٹل بہاری واجپائی کی 101 ویں یوم پیدائش کے موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بی جے پی کے ریاستی دفتر میں اٹل بہاری واجپائی کی تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر کشن ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی زندگی نوجوانوں کیلئے ایک آئیڈیل ہے۔سابق وزیراعظم نے اپنی زندگی ملک کیلئے وقف کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ واجپائی ایک عظیم لیڈر تھے۔ سابق وزیراعظم نے تعلیم اورصحت کے میدان کے علاوہ دیگرشعبوں میں کئی ایک خدمات انجام دی ہیں۔اس موقع پر بی جے پی کے دیگرقائدین بھی موجود تھے۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے ریاست کے گرام پنچایتوں کوکم ازکم ایک کروڑ روپے دینے ریاستی حکومت پرزوردیا۔انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے ایک پنچایت کو پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان مضحکہ خیز ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے مرکز سے پنچایتوں کوتین ہزار کروڑ روپے سے زائد آنے کا بیان دیا ہےاورانہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ کے سی آر کے خلاف کئے گئے نامناسب ریمارکس کی مذمت کی۔

Medaram - Seethakka

ریاستی وزیر سیتااکا نے آج ملگ ضلع کے میڈارم میں انجام دئے جانے والے ترقیاتی کاموں کا اچانک معائنہ کیا۔اِس موقع پرانہوں نےضلع کلکٹر دیواکرائی ایس اورایس پی سدھیر رامناتھ کیکن

کے ساتھ میڈارم میں جاری کاموں کا جائزہ لیا اوران کاموں میں تیزی پیدا کرتے ہوئے جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے جمپناواگو کے قریب جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا اور جمپناواگو کو جانے والی روڈ کے کاموں میں تیزی لاتے ہوئے اس کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

Atal Bihari Vajpayee

ملک کے سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی یوم پیدائش کو گڈ گورننس دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ریاستی گورنر جشنودیو ورما، مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج صبح حیدرآباد کے جوبلی بس اسٹیشن کے قریب واقع سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کے مجسمہ پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔اِس موقع پر ہریانہ کے سابق گورنر بنڈارودتاتریہ، رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندراور دیگر موجود تھے جبکہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ ، مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے حیدرآباد کے بی جے پی دفتر میں سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Christmas - State

ریاست بھر میں کرسمس تہوار عقیدت و احترام ، جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ چرچوں میں خصوصی دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔عقیدتمندوں کی بڑی تعداد دعائیہ تقریب میں شرکت کررہی ہے۔ میدک ضلع کے مرکز میں واقع چرچ میں کرسمس تقاریب بڑے پیمانے پر منعقد ہورہی ہیں جبکہ حیدرآباد،سکندرآباد دونوں شہروں میں واقع چرچوں میں بھی عقیدتمندوں کی بڑی تعداد دعائیہ تقاریب میں حصہ لے رہی ہیں۔کرسمس تہوار کے موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کرسچن برادری کو مبارکباد دی۔انہوں نے ریاست بھر میں کرسمس تہوار کو جوش وخروش کے ساتھ منانے کیلئے

اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت ایسو پر بھو کی تعلیمات کے ذریعہ ہی کام کررہی ہے۔تمام مذاہب کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے حکومت پرعزم ہے۔

Sircilla - Maneru

راجنا سرسلہ ضلع گمبھی راؤ پیٹ منڈل نرملا اوپری مانیرو پراجکٹ دائیں نہر کے ذریعہ محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں نے پانی کو جاری کیا۔ گمبھی راؤ پیٹ مستا آباد، ایلا ریڈی پیٹ منڈلوں کے حدود میں فصلوں کی پیداوار کیلئے پانی کو استعمال میں لانے کسانوں کو مشورہ دیا۔

PM GRAM SADAK YOJANA

ہندوستان میں دیہی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں اہم پروگراموں میں شامل پردھان منتری گراما سڑک یوجنا۔پی ایم جی ایس وائی۔پروگرام کے آج 25 سال مکمل ہورہے ہیں۔گاؤں میں اب تک سڑکیں نہ ہونے والے رہائشی علاقوں کو سڑک کی سہولتیں فراہم کرنا اس پروگرام کا اہم مقصد ہے۔سال 2000ء، دسمبر 25 کو اس اسکیم کا آغاز ہوا تھا۔زراعت، ترقی، روزگار کے مواقعوں کی فراہمی، تعلیم، صحت کے خدمات میں اس اسکیم کا اہم رول شامل ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست میں خشک موسم کے ساتھ آنے والے دو دنوں میں بعض مقامات پر اقل ترین درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری تک کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔عادل آباد، آصف آباد، میدک، سنگاریڈی اضلاع میں اقل ترین درجہ حرارت پانچ ڈگری سے دس ڈگری کے درمیان ریکارڈ ہونے کا امکان ہے۔

Governor

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے سکندرآباد کے واجپائی پارک میں ملک کے سابق وزیراعظم و بھارت رتن اٹل بہاری واجپائی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ گورنر نے سابق وزیراعظم کی یومِ پیدائش کے موقع پر لوک بھون میں بھی سابق وزیراعظم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ سابق وزیراعظم کی یوم پیدائش کو گڈ گورننس یوم کے طور پر منایا جاتا ہے۔ گورنر نے اٹل بہاری واجپائی کی قوم کیلئے کیئے خدمات کو بھی یاد کیا۔

Traffic Search

نئے سال کی تقریبات کے پیش نظر حیدرآباد کمشنریٹ کے حدود میں ٹریفک پولیس نے خصوصی تلاشی مہم شروع کی ہے۔ پولیس نے کہا کہ ڈرنک اینڈ ڈرائیو کی تلاشی مہم 31 دسمبر تک جاری رہیں گے۔ پہلے دن ڈرنک اینڈ ڈرائیو ٹیسٹ کے دوران 304 افراد پکڑے گئے۔ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والی متعدد گاڑیوں کو بھی ضبط کرلیا۔ پولیس نے کہا کہ حالت نشہ میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

○○